[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY] 3

A

Bill

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 17, Act X of 2015.** – In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), in section 17, in sub-section (3), for the expression "the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)", the expression "the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017)" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to amendment in Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 are that Islamabad Capital Territory Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected Local Government System. The term of Local Government of ICT expired on 14.02.2021 and the Federal Government and the Election Commission are obligated to conduct the elections within 120 days in terms of Section 219 (4) of the Elections Act, 2017.

2. In order to complete necessary arrangements for conduct of Local Government Elections in Islamabad, the ECP asked for issuance of notification regarding number of reserved seats of Metropolitan Corporation Islamabad (MCI) ***and amendment in Section-17 of the ICT Local Government Act, 2015 to the effect that "the Representation of the People Act, 1976" should be replaced with "Elections Act, 2017".***

3. As Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976) has been repealed under the Section 241 (d) of the Election Act, 2017, therefore, Section 17(3) of the ICT Local Government Act,2015 is required to be amended and words "**the Representation of the People Act, 1976 (LXXXV of 1976)** are to be substituted with words **"the Elections Act, 2017"**.

**(Syed Mohsin Raza Naqvi)**
Minister for Interior

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے] در صورت ترمیم

# دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، 2015ء

# میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ دارالحکومت اسلام آباد ایکٹ، 2015ء کی مزید ترمیم اس طریقہ کار میں اور بعد ازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

**1۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** اس ایکٹ کو دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، 2024ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**2۔ ایکٹ نمبر 10 بابت 2015ء کی دفعہ 17 کی ترمیم:۔** دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، 2015ء (نمبر 10 بابت 2015ء) کی دفعہ 17 کی ذیلی دفعہ (3) میں، عبارت "عوامی نمائندگی ایکٹ، 1976ء (نمبر 85 بابت 1976)"، کو عبارت "انتخابات ایکٹ، 2017ء (نمبر 33 بابت 2017ء)" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

حکومت پاکستان

وزارت داخلہ

☆☆☆☆☆

# بیان اغراض ووجوہ

دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ 2015ء میں ترمیم کا سبب بنانے والے مختصر حقائق یہ ہیں کہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ کو سال 2015 میں ایک منتخب مقامی نظام قائم کرنے کے لیے جاری کیا گیا تھا۔ دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کی مدت 14-02-2021 کو ختم ہوگئی تھی اور وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن انتخابات ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 219(4) کی شرائط کے مطابق 120۔ دنوں میں انتخابات کرانے کے پابند ہیں۔

2۔ اسلام آباد میں مقامی حکومت کے انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری مکمل انتظامات کرنے کے لیے، الیکشن کمیشن پاکستان نے میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (MCI) کی مخصوص نشستوں کی تعداد کے حوالے سے نوٹیفکیشن کے اجراء اور دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، 2015 کی دفعہ 17 میں ترمیم کرنے کو کہا ہے، اس لیے "عوامی نمائندگی ایکٹ، 1976" کو "انتخابات ایکٹ، 2017" سے تبدیل کردیا جانا چاہیے۔

3۔ جیسا کہ عوامی نمائندگی ایکٹ، 1976 (نمبر 85 بابت 1976ء) کو انتخابات ایکٹ 2017ء کی دفعہ 241 (د) کے تحت منسوخ کردیا گیا ہے، لہذا، دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، 2015 کو ترمیم کرنے کی ضرورت ہے اور الفاظ "عوامی نمائندگی ایکٹ، 1976 (نمبر 85 بابت 1976ء) کو الفاظ "انتخابات ایکٹ، 2017 " سے تبدیل کردیے جائیں۔

(سید محسن رضا نقوی)

وزیر انچارج